© rasailojaraid.com

کتاب کی قدر کریں گے۔

حضرتِ غوث الاعظم کے مواعظ حسنہ
مترجمہ مولانا عاشق علی میرٹھی مرحوم تقطیع کلاں ضخامت ۵۱۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت درج نہیں پتہ :- ادارہ ایمان ویقین بمبئی ۵۔

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ اکابر اولیا میں سے تھے اور فیوض و برکات اور کمالات وحسنات کے علاوہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی زبانِ حق ترجمان میں بڑی تاثیر رکھی تھی آپ کا وعظ اس قدر موثر ہوتا تھا کہ سامعین پر دیر تک وجد و کیف اور جزع وفزع کا عالم طاری رہتا تھا اور بعض اوقات تو ایک دو کا دم بھی نکل جاتا تھا۔ یہ کتاب حضرت کے ہی مواعظ حسنہ کا اردو ترجمہ ہے۔ ترجمہ بہت صاف، سلیس اور موثر ہے۔ رہی یہ بات کہ یہ مواعظ دراصل حضرت شیخ کے ہیں بھی یا نہیں؟ تو ایک ان مواعظ پر ہی کیا موقوف ہے اکابر اولیاء اللہ کے جو ملفوظات، مکتوبات یا اور تحریریں ان کی طرف منسوب ہیں آج ان میں سے اکثر کی حیثیت محققین کے نزدیک مشتبہ سمجھی جاتی ہے۔ تاہم اس کتاب میں رموزِ شریعت وطریقت اور غوامض ودقائق احکام الٰہی سے متعلق جو اشارات ملتے ہیں ان سے ثابت ہوتا ہے کہ اگر سب نہیں تو مواعظ کا ایک بڑا حصہ حضرت شیخ جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا ضرور ہے۔ اس کا مطالعہ آنکھوں میں نور اور دل میں سرور کا باعث ہوگا۔

(۱) دارالعلوم دیوبند کی تعلیمی خصوصیات
(۲) دارالعلوم دیوبند ایک نظر میں
از جناب سید محبوب رضوی تقطیع متوسط کتابت وطباعت بہتر ضخامت ۳۲ صفحات قیمت ۶/ پتہ :- ادارہ تاریخ دیوبند۔ دیوبند (یوپی)

جناب رضوی صاحب دیوبند اور دارالعلوم کی تاریخ نگاری کا کام برسوں سے کر رہے ہیں، یہاں تک کہ انھوں نے ایک ادارہ ہی مستقل تاریخ دیوبند کے نام سے قائم

© rasailojaraid.com